گلدستۂ اخبار

—— ۲۶ - ۲۷ - ۲۸ - دسمبر کو قادیان میں مرزائی جماعت کا سالانہ جلسہ ہوا -

—— خلیفہ قادیان وسط دسمبر میں کچھ بیمار رہے -

—— خواجہ کمال الدین صاحب لاہوری احمدی جو کئی سال سے بیمار رہتے تھے ۲۸ دسمبر کو فوت ہوگئے - آخری دم تک فدا مرزا رہے - (افسوس)

—— گرو دیو مندر (مدراس) میں اچھوتوں کو آج (۲۹ - دسمبر) تک داخل ہونی کی اجازت نہیں دی گئی - گاندھی جی نے بھی اعلان کیا ہوا ہے کہ اگر اس مندر میں اچھوتوں کو داخل نہ ہونے دیا تو میں ۲ - جنوری سے پھر برت رکھنا شروع کردونگا -

—— افواہ ہے کہ ہندوستان اور جاپان کے درمیان شروع جنوری سے وائرلیس (بے تار برقی) کا سلسلہ براہ راست شروع ہو جائیگا -

—— شاہ ایران نے اپنے وزیر تیمور (مسولینی) کو برطرف کر دیا ہے - شاہ موصوف کو اینگلو پرشین کمپنی کے متعلق ان کی پالیسی سے اتفاق نہیں تھا -

—— افواہ ہے کہ گورنمنٹ سروس کے اعلےٰ افسروں کی تنخواہوں میں مزید تخفیف کیجائیگی -

—— گول میز کانفرنس (لنڈن) ختم ہوگئی ہے -

—— لور پول میں ایک لڑکی سے شادی کرنے کے لئے ایک ہزار اشخاص نے درخواستیں کیں جن میں ایک شہزادہ بھی تھا - مگر اس لڑکی نے ایک سکول ماسٹر کو منتخب کیا -

بہی خواہان مرقع قادیانی اگر اسے قائم رکھنا چاہتے ہیں تو اس کی توسیع اشاعت میں کوشش کریں - کیونکہ تا حال خریداری ناکافی ہے -

شکریہ بابو نذیر احمد صاحب بہادلپوری نے پانچ خریدار اور مولوی محمد امین صاحب امرتسری و ایم محمد صدیق محمد عتیق آگرہ نے ایک ایک خریدار مرقع قادیانی کے بنائے - ان اصحاب کا شکریہ ہے - جزاھم اللہ -

مرقع قادیانی کی گذشتہ جلد مکمل بارہ پرچے قیمت عـہ محصولڈاک بذمہ خریدار ہے